© rasailojaraid.com

# کتاب نُما

## تعارف وتبصرہ

نام کتاب : حج وعمرہ کی آسانیاں

مؤلف : پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی

ضخامت: 400 صفحات قیمت: 320 روپے

ملنے کا پتہ: ☆ دارالنور' کیپیٹل پلازہ' جی۔II مرکز اسلام آباد

☆ مکتبہ قدوسیہ' رحمٰن مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اردو بازار' لاہور

کتاب کے مصنف پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی کسی تعارف کے محتاج نہیں' وہ معروف مذہبی سکالر اور محقق ہیں۔ ان کی تحریریں ٹھوس اور مستند حوالہ جات پر مبنی ہوتی ہیں۔ ''حج وعمرہ کی آسانیاں'' اُن کی تازہ ترین تصنیف ہے جس میں حج اور عمرہ کے لیے سفر اختیار کرنے والوں کی خوبصورت انداز میں رہنمائی کی گئی ہے۔ کتاب کی بنیاد اس بات پر رکھی گئی ہے کہ خالق کائنات انسانوں کے لیے آسانیاں پسند کرتا ہے' جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد ہے: ﴿يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ﴾ (البقرۃ:۱۸۵)۔ نیز رسول اللہ ﷺ نے اپنی اُمت کو آسانی کرنے کا حکم دیا اور تنگی کرنے سے منع فرمایا۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے: ((يَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا ' وَبَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا)) ''آسانی کرو اور تنگی نہ کرو' بشارت دو اور نفرت نہ دلاؤ''۔

حج اور عمرے کی ادائیگی میں جہاں جہاں آسانی ہے' اس کتاب میں اس کو واضح کیا گیا ہے' تاکہ اس مقدس سفر پر روانہ ہونے والے ان سہولتوں سے واقفیت حاصل کر کے فائدہ اٹھا سکیں اور صحیح طریقے سے تمام مناسک ادا کر سکیں۔ مصنف نے تمام معلومات بنیادی طور پر قرآن وسنت سے لی ہیں۔ اس کے علاوہ صحاحِ ستہ کی احادیث اور مستند تفاسیر سے بھی استفادہ کیا ہے۔ اختلافی مسائل میں قرآن وسنت سے ثابت شدہ دلائل کو ترجیح کا معیار ٹھہرایا گیا ہے۔ اس کتاب میں حج وعمرہ کی ادائیگی میں پیش آنے والے معاملات میں تیرہ عنوانات کے تحت ایک سو سے زیادہ تعداد میں آسانیاں بیان کی گئی ہیں۔

کتاب کے اخیر میں مراجع اور مصادر کی مکمل اور مفصل فہرست دی گئی ہے تاکہ اصل ماخذ کی طرف رجوع کرنا آسان ہو۔ حج اور عمرہ کا ارادہ رکھنے والوں کے مطالعہ کے لیے یہ ایک ضروری کتاب ہے۔

مصنف نے ''مختصر حج وعمرہ کی آسانیاں'' کے نام سے اس کتاب کا خلاصہ بھی شائع کیا ہے جو چھوٹے سائز کے ۷۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ ❁❁